رول نمبر: ____________

جماعت نہم

# اسلامیات اختیاری (حصہ معروضی) گروپ پہلا

# Objective Paper Code 5207

FBD-1-24

وقت: 20 منٹ — کل نمبر: 15

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبر شمار | سوالات / Questions | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اخلاق حسنہ کا تعلق ہے: Good manners relate to: | حقوق اللہ سے Rights of Allah Almighty | جانوروں کے حقوق سے Rights of animals | حقوق العباد سے Rights of people | ذمی کے حقوق سے Rights of non-Muslims |
| 2 | روزِ حساب سب سے پہلے جس چیز کا حساب لیا جائے گا: The first thing that will be accounted in the day of judgement is: | روزہ Fast | زکوٰۃ Zakat | نماز Prayer | حج Hajj |
| 3 | اجزائے ایمان ہیں: Elements of faith are: | 3 | 5 | 7 | 9 |
| 4 | شَاهِدًا کے لغوی معنی ہیں: Literal meaning of شَاهِدًا is: | ڈرانے والا Intimidator | خوشخبری دینے والا The bearer of good news | گواہی دینے والا A witness | بلانے والا The summoner |
| 5 | آپ ﷺ نسل میں سے ہیں: Hazrat Muhammad ﷺ is from the generation of: | حضرت اسحاق علیہ السلام کی Hazrat Ishaq علیہ السلام | حضرت یعقوب علیہ السلام کی Hazrat Yaqoob علیہ السلام | حضرت یوسف علیہ السلام کی Hazrat Yousaf علیہ السلام | حضرت اسماعیل علیہ السلام کی Hazrat Ismail علیہ السلام |
| 6 | قرآن مجید نہیں پڑھنا چاہیے: The Quran should not read: | گا کر By singing | خوش الحانی سے With pleasure | کھڑے ہو کر By standing | لیٹ کر By laying down |
| 7 | چوری کا تعلق ہے: The theft is related: | عقائد Beliefs | عبادات Worship | معاملات Dealings | اخلاقیات Moralities |
| 8 | صَادِقُوْن مثال ہے: صَادِقُوْن is an example of: | جمع مکسر Irregular plural | مفرد Singular | تثنیہ Tasniah | جمع سالم Regular plural |
| 9 | جمع سالم کی اقسام ہیں: Kinds of regular plural are: | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 10 | غارِ حرا کا مکہ سے فاصلہ ہے: Distance between Hira cave and Makkah is: | 3 میل 3 miles | 4 میل 4 miles | 5 میل 5 miles | 8 میل 8 miles |
| 11 | مدینہ کا اصل نام تھا: The real name of Madina was: | ریاض Riaz | حجاز Hajjaz | دمام Damam | یثرب Yasrab |
| 12 | نبوت کے دسویں سال وفات پائی: In the tenth year of Prophethood, died: | حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا Hazrat Hafsa رضی اللہ عنہا | حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا Hazrat Memoona رضی اللہ عنہا | حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا Hazrat Khadija رضی اللہ عنہا | حضرت امِ کلثوم رضی اللہ عنہا Hazrat Umm-e-Kalsoom رضی اللہ عنہا |
| 13 | بنو ہاشم کی نظربندی کا دور تھا: The period of confinement of Banu Hashim was: | 1 سال 1 year | 3 سال 3 years | 5 سال 5 years | 7 سال 7 years |
| 14 | بغیر باپ کے پیدا ہوئے: Born without father: | حضرت عیسیٰ علیہ السلام Hazrat Esa علیہ السلام | حضرت الیاس علیہ السلام Hazrat Ilyas علیہ السلام | حضرت آدم علیہ السلام Hazrat Adam علیہ السلام | حضرت ابراہیم علیہ السلام Hazrat Ibrahim علیہ السلام |
| 15 | حضرت ابراہیم علیہ السلام ہجرت کر کے پہنچے: Hazrat Ibrahim علیہ السلام reached after migration: | شام میں Syria | یمن میں Yemen | عمان میں Oman | فلسطین میں Palestine |

925-IX124-15000

www.pakcity.org

رول نمبر:......................

جماعت نہم

# اسلامیات اختیاری (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے	کل نمبر: 60

FBD-1-24

2- کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔

10 Write short answers to any FIVE parts.

(i) ترتیل سے کیا مراد ہے؟
What is meant by Tarteel?

(ii) وہ کون لوگ ہیں جو حقیقی معنوں میں قرآن مجید سے فائدہ حاصل کرتے ہیں؟
Who are those men who achieve benefit in real sense from the Holy Quran?

(iii) ترجمہ کیجیے: صَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ
Translate: صَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ

(iv) صدقہ وخیرات کا فائدہ حدیث کی روشنی میں بیان کیجیے۔
Narrate the benefit of charity and alms in the light of Hadith.

(v) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کوئی دو معجزات لکھیے۔
Write any two miracles of Hazrat Musa علیہ السلام.

(vi) حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے شیر خوارگی میں کیا اعلان کیا؟
What did Hazrat Esa علیہ السلام announce in infancy?

(vii) "آدم ثانی" کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟ مختصر تحریر کیجیے۔
Who is called آدم ثانی ? Write briefly.

(viii) کلمہ کی اقسام لکھیے۔
Write the kinds of کلمہ .

3- کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔

10 Write short answers to any FIVE parts.

(i) معنی لکھیے: اَلْبَارِئُ ، اَلْعَزِيْزُ
Write meanings: اَلْبَارِئُ ، اَلْعَزِيْزُ

(ii) اسم ذات سے کیا مراد ہے اور کس کے لئے استعمال ہوتا ہے؟
What is meant by the name caste and what is it used for?

(iii) حدیث کی رُو سے کونسا شخص اجاڑ گھر کی مانند ہے؟
According to Hadith, which person is like a deserted house?

(iv) منافق کی دو نشانیاں لکھیے۔
Write two signs of a hypocrite.

(v) ترجمہ کیجیے: فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ
Translate: فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ

(vi) سالِ غم سے کیا مراد ہے؟
What is meant by year of grief?

(vii) اسلام سے قبل کفار مکہ میں کون سی برائیاں پائی جاتی تھیں؟
What evils were found in the infidels of Makkah before Islam?

(viii) مدینہ کا پرانا نام کیا تھا وہاں کون سے لوگ آباد تھے؟
What was the old name of Madina? Who lived there?

4- کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔

10 Write short answers to any FIVE parts.

(i) رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صفت حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ میں ہمارے لئے کیا رہنمائی ہے؟
What is guidance for us in the attribute حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ of Rasool Ullah خاتم النبیین ﷺ ?

(ii) رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے شَاهِدٌ ہونے کی دو صورتیں لکھیے۔
Write two states of Rasool Ullah خاتم النبیین ﷺ of being شَاهِدٌ

(iii) وضاحت کیجیے: وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ
Explain: وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ

(iv) انسان کی انسانیت کا درجہ کیسے بلند ہوتا ہے؟
How does the level of humanity of man increases?

(v) بچوں پر شفقت کے حوالے سے رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کا ایک فرمان لکھیے۔
Write one saying of Rasool Ullah خاتم النبیین ﷺ about affection with children.

(vi) حدیث کے مطابق پہلی قوموں کی بربادی کی کیا وجہ ہے؟
According to Hadith, what is the reason for the destruction of previous nations?

(vii) رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی پیدائش پر آپ خاتم النبیین ﷺ کے دادا کا کیا ردعمل تھا؟
What was the reaction of grandfather of Rasool Ullah خاتم النبیین ﷺ on his birth?

(viii) فتح مکہ کے موقع پر رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے مکہ والوں سے کیا فرمایا؟
What did Rasool Ullah خاتم النبیین ﷺ say the people of Makkah at the occasion of conquest of Makkah?

5- مندرجہ ذیل میں سے دو قرآنی آیات کا ترجمہ وتشریح کیجیے:

05,05 Translate and explain any TWO of the following Quranic A'yaat:

(الف) وَاِلٰـهُكُمْ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝

(ب) رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۖ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ

(ج) هُوَ الَّذِىْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝

6- کسی ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ اور تشریح کیجیے۔

05 Translate and explain ONE of the following Ahadith:

(الف) اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ الصَّلٰوةُ	(ب) اِنَّ الدَّالَّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ

7- مندرجہ ذیل میں سے صرف دو اجزا کے جوابات دیجیے:

05,05 Write the answers to any TWO parts of the following:

(الف) رسالت کا مفہوم اور خصوصیات بیان کیجیے۔
Explain the meaning and characteristics of Prophethood.

(ب) رسول اللہ ﷺ صبر اور رحمت کے پیکر تھے۔ واقعہ طائف کے حوالے سے بیان کیجیے۔
The Holy Prophet ﷺ is symbol of patience and mercy. Describe it regarding Taif incident.

(ج) واقعہ حجر اسود آپ ﷺ کے تدبر اور معاملہ فہمی کا ثبوت ہے۔ واضح کیجیے۔
Incident of حجر اسود is a proof of the wisdom and understanding of matter of the Holy Prophet ﷺ.
Explain it.

8- مؤنث کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں دیجیے۔ --- یا --- تثنیہ کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں دیجیے۔

05 Define feminine and give three examples in Arabic. -- OR --
Define Tasniah and give three examples in Arabic.

925-IX124-15000

www.pakcity.org

رول نمبر: ________

جماعت نہم

# اسلامیات اختیاری (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

# Objective Paper Code 5208

FB-2-24 وقت: 20 منٹ    کل نمبر: 15

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | Questions / سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | قرآن مجید میں مہارت رکھنے والوں کو ساتھی کہا گیا ہے:<br>Those who are expert in Quran Majeed, are said to be the companions of: | فرشتوں کا<br>Angels | انبیاء کا<br>Prophets | صحابہ کا<br>Sahaba | اولیاء کا<br>Saints |
| 2 | زکوٰۃ کے معاملات کی تفصیل ملتی ہے:<br>The detail of matters of Zakat is found in: | قرآن میں<br>Holy Quran | سنت میں<br>Sunnah | اجماع میں<br>Ijma | قیاس میں<br>Qayas |
| 3 | حَرِیْصٌ کا معنی ہے:<br>Meaning of حَرِیْصٌ is: | خیرخواہ<br>Well wisher | مہربان<br>Merciful | زبردست<br>Powerful | غالب<br>Dominant |
| 4 | حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لقب ہے:<br>The title of Hazrat Ibrahim علیہ السلام is: | کلیم اللہ<br>Kaleem Ullah | ذبیح اللہ<br>Zabeeh Ullah | خلیل اللہ<br>Khalil Ullah | روح اللہ<br>Rooh Ullah |
| 5 | تلاوت میں خیال نہ رکھنے سے معنی بدل جاتے ہیں:<br>The meanings change, by not paying attention during recitation: | رموز و اوقاف<br>Punctuation signs | ترتیل کا<br>Tarteel | تدبر کا<br>Prudence | پاکیزگی کا<br>Cleanliness |
| 6 | انجیل میں مسلمانوں کی مثال دی گئی ہے:<br>The example of Muslims given in Injeel is of: | کھیتی کی<br>Farm | باغ کی<br>Garden | میدان کی<br>Ground | پہاڑ کی<br>Mountain |
| 7 | اسلام کے بنیادی عقائد ہیں:<br>Basic beliefs of Islam are: | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 8 | ان میں کونسا مذکر ہے؟<br>Which is masculine? | عَلَق | بَاكِسْتَانُ | يَدٌ | اَسَدٌ |
| 9 | مِنْ گرامر کی رُو سے ہے:<br>According to grammar مِنْ is: | اسم<br>Noun | فعل<br>Verb | حرف<br>Particle | مذکر<br>Masculine |
| 10 | پہلی قوموں کی تباہی کی وجہ تھی:<br>The cause of the destruction of previous nations was: | دولت<br>Wealth | عدم مساوات<br>Inequality | جہالت<br>Ignorance | لالچ<br>Greed |
| 11 | کامیاب تجارت کا سب سے بڑا گر ہے:<br>The greatest tactic of successful trade is: | تعلیم<br>Education | تجربہ<br>Experience | نیک نامی<br>Reputation | چالاکی<br>Cleverness |
| 12 | نبوت کے علم کا ماخذ ہے:<br>The source of the knowledge of Nabuwat is: | وحی<br>Revelation | تجربہ<br>Experience | کتب<br>Books | اقوال<br>Sayings |
| 13 | مسلمانوں کو جہاد کی اجازت ملی:<br>Muslims got the permission of Jehad in: | 1ھ | 2ھ | 3ھ | 4ھ |
| 14 | نبوت کے تیرہویں سال حج کے موقع پر مدینہ کے لوگ مسلمان ہوئے:<br>In thirteenth year of Nabuwat, at the occasion of Hajj, people of Madina embraced Islam: | 6 | 12 | 55 | 75 |
| 15 | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دور میں فلسطین میں حکومت تھی:<br>During the time of Hazrat Esa علیہ السلام, in Palestine, there was government of: | رومیوں کی<br>Romans | شامیوں کی<br>Syrians | عربوں کی<br>Arabs | ایرانیوں کی<br>Iranians |

www.pakcity.org

رول نمبر: ..............

جماعت نہم

# اسلامیات اختیاری (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

کل نمبر: 60 وقت: 02:10 گھنٹے FBD-2-24

2۔ کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 10 Write short answers to any FIVE parts.

(i) ترتیل اور خوش الحانی میں فرق تحریر کیجیے۔ Write difference between Tarteel and Khush Alhani.

(ii) اخلاقیات میں کون کون سی چیزیں شامل ہیں؟ مختصر تحریر کیجیے۔ Which things morals do consist? Write shortly.

(iii) ترجمہ کیجیے: مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ Translate: مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ

(iv) نماز کی اہمیت پر دو نکات لکھئے۔ Write two points on the importance of Salah.

(v) کیسے نبی ایک عام انسان سے مختلف ہوتا ہے؟ How a Nabi is different from a layman?

(vi) لفظ "تبلیغ" کے مترادف دو الفاظ معنی کے ساتھ لکھئے۔ Write two synonyms of word تبلیغ with meanings.

(vii) حضرت نوح علیہ السلام کی قوم نے آپ کی دعوت قبول کیوں نہ کی؟ Why did the people of Hazrat Nooh علیہ السلام not accept his call?

(viii) "حرف" کی عربی میں ایک مثال معنی کے ساتھ لکھئے۔ Write an example of particle in Arabic with its meaning.

3۔ کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 10 Write short answers to any FIVE parts.

(i) عقیدہ توحید سے کیا مراد ہے؟ What is meant by Aqeedah Touheed?

(ii) قرآن مجید نے "معلم حکمت" کا منصب کس نبی کو دیا ہے؟ Which Nabi has been assigned the position of "Mualam-e-Hikmat" by Quran Majeed?

(iii) اِتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ والی حدیث سے ہمیں کس چیز کی اہمیت کا پتہ چلتا ہے؟ What importance do we get from the Hadith اِتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

(iv) حدیث کی روشنی میں مومن کی تعریف لکھئے۔ Define Momin in the light of Hadith.

(v) سابقین اولین سے مراد کون لوگ ہیں؟ Which people are meant by term "Sabqeen Awaleen"?

(vi) رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو رشتہ داروں کی حمایت سے محروم کرنے کے لئے قریش نے کیا طریقہ اختیار کیا؟ What tactic did Quraish adopt to deprive Rasool Ullah خاتم النبیین ﷺ from support of his relatives?

(vii) ہجرت کے بعد مسلمانوں کو مدینہ میں پیش آنے والے دو مسائل تحریر کیجیے۔ Write two of the problems faced by Muslims in Madina after migration.

(viii) صلح حدیبیہ کی سیاسی اہمیت پر دو نکات لکھئے۔ Write two points on political significance of صلح حدیبیہ.

4۔ کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔ 10 Write short answers to any FIVE parts.

(i) حرب فجار کن دو قبائل کے درمیان لڑی گئی تھی؟ Between which two tribes Battle of Sinfuls fought?

(ii) حلف الفضول پر مختصر نوٹ لکھئے۔ Write a brief note on Fazool Agreement.

(iii) ترجمہ کیجیے: مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى Translate: مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى

(iv) منظم اور باقاعدہ اسلامی حکومت کا وجود کیوں ضروری ہے؟ Why is existence of organized and regular Islamic State is necessary?

(v) معنی لکھئے: اٰمَنُوْا ، اٰمِنُوْا Write meanings: اٰمَنُوْا ، اٰمِنُوْا

(vi) مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا کا کیا مطلب ہے اور اس سے کون سی شخصیت مراد ہے؟ What is meaning of مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا and who is meant by it?

(vii) قریبی رشتہ داروں کے کوئی سے دو حقوق بیان کیجیے۔ Write any two rights of close relatives.

(viii) باحیا شخص کے دو اوصاف تحریر کیجیے۔ Write two qualities of a modest person.

5۔ مندرجہ ذیل میں سے دو قرآنی آیات کا ترجمہ و تشریح کیجیے: 05,05 Translate and explain any TWO of the following Quranic A'yaat:

(الف) يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ○

(ب) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِىَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ○

(ج) مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمًا○

6۔ کسی ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ اور تشریح کیجیے۔ 05 Translate and explain ONE of the following Ahadith:

(الف) رَاْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ (ب) خَيْرُ النَّاسِ اَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ

7۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو اجزا کے جوابات دیجیے: 05,05 Write the answers to any TWO parts of the following:

(الف) حضرت ابراہیم علیہ السلام اور نمرود کے درمیان مکالمہ کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔ Take detailed review of dialogue between Hazrat Ibrahim علیہ السلام and Namrood.

(ب) میثاق مدینہ کے اہم پہلوؤں کو بیان کیجیے۔ Relate important aspects of Madina Agreement.

(ج) حضرت محمد ﷺ کا دشمنوں کے ساتھ حسن سلوک کا جائزہ لیجیے۔ Examine the good behaviour of Hazrat Muhammad ﷺ with his enemies.

8۔ مؤنث معنوی کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں دیجیے۔ -- یا -- جمع مذکر سالم میں تبدیل کیجیے: صَادِقٌ ، مُسْلِمٌ ، مُؤْمِنٌ ، قَانِتٌ ، مَنْصُوْرٌ 05

Define intrinsic feminine and give three examples in Arabic. -- OR --

Change words into regular masculine plural: صَادِقٌ ، مُسْلِمٌ ، مُؤْمِنٌ ، قَانِتٌ ، مَنْصُوْرٌ

926-IX124-22000

www.pakcity.org

رول نمبر: ________

☆

جماعت نہم

# اسلامیات اختیاری (حصہ معروضی) گروپ پہلا

Objective Paper Code **5201**

وقت: 20 منٹ　　کل نمبر: 15

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| D | C | B | A | Questions / سوالات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| ترتیل Tarteel | اخفاء Akhfa | جہر Jahar | رموز اوقاف Punctuation | قرآن مجید کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا کہلاتا ہے: Recitation of the Holy Quran with stay still is called: | 1 |
| چار مرتبہ Four time | تین مرتبہ Three time | دو مرتبہ Two time | ایک مرتبہ One time | حضور اکرم ﷺ نے آخری سال قرآن پاک دہرایا: The Holy Prophet ﷺ repeated the Holy Quran last year: | 2 |
| سبحان اللہ Subhan Allah | اعوذ باللہ Aoz u Billah | بسم اللہ Bismillah | الحمد للہ Alhamdulillah | تعوذ سے مراد ہے؟ تعوذ means: | 3 |
| نماز Prayer | تجارت Trade | جہاد Jehad | زکوٰۃ Zakat | معاملات میں شامل ہیں: Included in matters: | 4 |
| زکوٰۃ Zakat | نکاح Nikkah | لین دین Give and take | میراث Inheritance | عبادات میں شامل ہیں: Included in worships: | 5 |
| غیبت Backbiting | جھوٹ Tell a lie | بددیانتی Dishonesty | وعدہ خلافی Breach of promise | حدیث نبوی ﷺ کے مطابق گناہوں کی جڑ ہے: According to Hadith the root of sins is: | 6 |

(جاری ہے)

✂ یہاں سے کاٹ کر تقسیم کیجیے ✂

www.pakcity.org



| D | C | B | A | Questions / سوالات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| منافق Hypocrite | ظالم Cruel | مشرک Polytheist | کافر Non-believer | دوزخ کے خطرناک حصہ میں ہوں گے: Will be in dangerous part of hell: | 7 |
| 5 | 4 | 3 | 2 | جمع سالم کی قسمیں ہیں: Types of جمع سالم are: | 8 |
| 5 | 4 | 3 | 2 | مؤنث کی اقسام ہیں: There are types of feminine: | 9 |
| حضرت حارث رضی اللہ عنہ Hazrat Haris رضی اللہ عنہ | حضرت ثمامہ رضی اللہ عنہ Hazrat Samama رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ Hazrat Usman رضی اللہ عنہ | حضرت سعد رضی اللہ عنہ Hazrat Saad رضی اللہ عنہ | اسلام کی راہ میں سب سے پہلے شہید صحابی تھے: Who was the first martyred in the path of Islam? | 10 |
| آٹھ نبوی ﷺ 8 Nabvi ﷺ | سات نبوی ﷺ 7 Nabvi ﷺ | چھ نبوی ﷺ 6 Nabvi ﷺ | پانچ نبوی ﷺ 5 Nabvi ﷺ | مقاطعہ قریش کا سال ہے: The year of مقاطعہ Quraish is: | 11 |
| انصار و مہاجرین Ansar and Muhajreen | مسلمان اور مشرکین Muslims and polytheist | یہود اور عیسائیوں Jews and Christians | یہود اور مسلمانوں Jews and Muslims | میثاق مدینہ ____ کے مابین ہوا۔ The Madina Treaty was signed between: | 12 |
| غزوہ احد Battle of Ohad | غزوہ احزاب Battle of Ahzab | غزوہ موتہ Battle of Motah | غزوہ بدر Battle of Badar | ستر صحابہ رضی اللہ عنہم ____ میں شہید ہوئے۔ Seventy Sihaba رضی اللہ عنہم martyred in: | 13 |
| رواداری کا Tolerance | عزم و استقلال کا Determination | درگزر کا Forgiveness | مصلحت پسندی کا Expediency | غزوہ احد سے مسلمانوں کو عصر حاضر میں درس ملتا ہے: Muslims learn a lesson from Battle of Ohad in the present age: | 14 |
| نظام خدمت خلق Welfare system | نظام زراعت Agriculture system | نظام تعلیم Education system | نظام زکوٰۃ Zakat system | قرآن مجید کی روشنی میں ____ کا قیام مسلمان حکمرانوں کا فرض ہے۔ It is the duty of Muslim rulers in the light of the Holy Quran: | 15 |

925-IX123-15000

رول نمبر:....................

جماعت نہم

# اسلامیات اختیاری (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

**2۔ کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔** — 10 **Write short answers to any FIVE parts.**

(i) رموزِ اوقاف سے کیا مراد ہے؟ — What is meant by punctuation?

(ii) فضیلت قرآن مجید کے متعلق دو جملے تحریر کیجیے۔ — Write two sentences about the excellence of the Holy Quran.

(iii) قرآن مجید کتنے عرصہ میں نازل ہوا اور کونسا فرشتہ لایا؟ — How much the revelation period of the Holy Quran and which angel brought it?

(iv) پانچ عبادات کے نام لکھئے۔ — Write names of five worships.

(v) وضاحت کیجیے: اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ — Explain: اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ

(vi) معانی لکھئے: شَاهِدٌ ، مُبَشِّرٌ ، نَذِيْرٌ ، دَاعِیٌ — Write the meanings: شَاهِدٌ ، مُبَشِّرٌ ، نَذِيْرٌ ، دَاعِیٌ

(vii) خاتم النبیین کا مفہوم بیان کیجیے۔ — Write the meanings of خاتم النبیین .

(viii) سِرَاجٌ مُّنِيْرٌ کے متعلق دو جملے لکھئے۔ — Write two sentences about سِرَاجٌ مُّنِيْرٌ .

**3۔ کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔** — 10 **Write short answers to any FIVE parts.**

(i) امر اور نہی میں فرق بیان کیجیے۔ — Differentiate between امر and نہی .

(ii) ترجمہ کیجیے: مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ — Translate: مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ

(iii) حدیث کی روشنی میں نماز کی اہمیت بیان کیجیے۔ — Write the importance of Prayer in the light of Hadith.

(iv) روزہ رکھنے کے دو فوائد تحریر کیجیے۔ — Write two advantages of observing fast.

(v) حیا قلبی کیفیت کا نام ہے۔ وضاحت کیجیے۔ — Modesty is the state of heart. Explain.

(vi) حدیث مبارکہ کی رو سے لوگوں میں بہتر کون ہے؟ — In the light of Hadith, who is the best among the people?

(vii) حدیث مبارکہ کے مطابق رشتہ داروں سے تعلقات قائم رکھنے کے دو فوائد بیان کیجیے۔ — Write two benefits of maintaining the relations with relatives as described in Hadith.

(viii) ترجمہ کیجیے: وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ — Translate: وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ

**4۔ کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔** — 10 **Write short answers to any FIVE parts.**

(i) حفاظت قرآن پر نوٹ لکھئے۔ — Write a note on protection of the Holy Quran.

(ii) مضامین قرآن میں معاملات سے کیا مراد ہے؟ — Define dealings in Quranic subjects.

(iii) حضرت محمد ﷺ تمام نبیوں کے سردار ہیں۔ وضاحت کیجیے۔ — Hazrat Muhammad ﷺ is the leader of all Prophets. Explain.

(iv) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کن ممالک کی طرف ہجرت کی؟ — To which countries, Hazrat Ibrahim علیہ السلام migrated?

(v) انسانیت کی بڑی خدمت ہے۔ — Biggest service of the humanity is?

(vi) مقدار تلاوت پر مختصر نوٹ لکھئے۔ — Write a brief note on quantity of recitation.

(vii) حقوق الناس کی وضاحت کیجیے۔ — Describe the rights of human being.

(viii) حیا سے متعلق ایک حدیث عربی میں تحریر کیجیے۔ — Write a Hadith in Arabic about modesty.

**5۔ مندرجہ ذیل میں سے دو قرآنی آیات کا ترجمہ و تشریح کیجیے:** — 05,05 Translate and explain any TWO of the following Quranic A'yaat:

(الف) هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ o

(ب) قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط

(ج) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ق لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ o

**6۔ کسی ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ اور تشریح کیجیے۔** — 05 Translate and explain ONE of the following Ahadith:

(الف) اِتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ (ب) مِنْ اَكْمَلِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

**7۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو اجزا کے جوابات دیجیے:** — 05,05 Write the answers to any TWO parts of the following:

(الف) رسول اکرم ﷺ کے مراسم شرک سے اجتناب پر نوٹ لکھئے۔

Write a note on avoiding of shirk customs by the Holy Prophet ﷺ.

(ب) حضور ﷺ اپنا کام خود کرتے تھے۔ کوئی سے پانچ کاموں کو بیان کیجیے۔

Hazoor ﷺ used to do his own work himself. Mention five works.

(ج) مدینہ میں مخالفت یہود اور ان کا قلع قمع ہونے پر نوٹ لکھئے۔

Write a note on opposition and suppression of Jew in Madina.

**8۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف ایک جزو کا جواب دیجیے:** — 05 Write the answer to any ONE part of the following:

(الف) مذکر اور مؤنث الگ الگ کیجیے: دَجَاجَةٌ ، اَسَدٌ ، سَوْدَاءُ ، رَجُلٌ ، عَطْشٰى — Seprate the masculine and feminine: دَجَاجَةٌ ، اَسَدٌ ، سَوْدَاءُ ، رَجُلٌ ، عَطْشٰى

(ب) حرف کی تعریف لکھئے اور عربی میں تین مثالیں دیجیے۔ — Define letter (حرف) and give three examples in Arabic.

925-IX123-15000

www.pakcity.org

رول نمبر: ________

جماعت نہم

# اسلامیات اختیاری (حصہ معروضی) گروپ پہلا

Objective Paper Code 5201

FBD-G1-22

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبرشمار | Questions / سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | قرآن پاک کے ایک حرف کی تلاوت کا ثواب ملتا ہے:<br>The recitation of one letter of the Holy Quran is rewarded: | تیس نیکیوں کا<br>30 virtues | بیس نیکیوں کا<br>20 virtues | سو نیکیوں کا<br>100 virtues | دس نیکیوں کا<br>10 virtues |
| 2 | لفظ قرآن قِرَاۃٌ سے بنا ہے جس کے معنی ہیں:<br>The word Quran is derived from قِرَاۃٌ which means: | جاننا<br>Know | دیکھنا<br>See | سننا<br>Listen | پڑھنا<br>Read |
| 3 | حضرت محمد ﷺ نے عمر کے آخری سال قرآن مجید دہرایا:<br>Hazrat Muhammad ﷺ revised the Holy Quran in the last year of his life: | ایک مرتبہ<br>One time | دو مرتبہ<br>Two time | تین مرتبہ<br>Three time | چار مرتبہ<br>Four time |
| 4 | مَنّ کے لفظی معنی ہیں:<br>The literal meaning of مَنّ is: | خیرخواہ<br>Well wisher | ہدایت<br>Guidance | رضامندی<br>Willing | احسان کیا<br>Favour |
| 5 | مُبَشِّر کس نبی کو کہا گیا؟<br>Which Prophet was called مُبَشِّر ? | حضرت آدم علیہ السلام<br>Hazrat Adam علیہ السلام | حضرت محمد ﷺ<br>Hazrat Muhammad ﷺ | حضرت ابراہیم علیہ السلام<br>Hazrat Ibrahim علیہ السلام | حضرت اسماعیل علیہ السلام<br>Hazrat Ismail علیہ السلام |
| 6 | حکمت کی بنیاد ہے:<br>The base of wisdom is: | علم<br>Knowledge | پاکیزگی<br>Purity | عقلمندی<br>Wisdom | خوف خدا<br>Fear of Allah |
| 7 | جھوٹ بولنا نشانی ہے:<br>Telling a lie is symbol of: | ایمان کی<br>Faith | شرک کی<br>Polytheism | منافق کی<br>Hypocrisy | حکمت کی<br>Diplomacy |
| 8 | رسالت کا رتبہ حاصل ہوتا ہے:<br>Status of Prophethood is attained by: | سعی و محنت سے<br>Struggle | عطیہ الٰہی ہے<br>Divine gift | دعاؤں سے<br>Prayers | صدقات سے<br>Charity |
| 9 | مسیح لقب ہے:<br>Messiah is the title of: | حضرت ابراہیم علیہ السلام<br>Hazrat Ibrahim علیہ السلام | حضرت موسیٰ علیہ السلام<br>Hazrat Musa علیہ السلام | حضرت داؤد علیہ السلام<br>Hazrat Dawood علیہ السلام | حضرت عیسیٰ علیہ السلام<br>Hazrat Esa علیہ السلام |
| 10 | مینڈک اور خون کا عذاب نازل ہوا:<br>The torment of frogs and blood came down on: | قوم نوح علیہ السلام پر<br>Nation of Nooh علیہ السلام | قوم عیسیٰ علیہ السلام پر<br>Nation of Esa علیہ السلام | قوم لوط علیہ السلام پر<br>Nation of Loot علیہ السلام | قوم موسیٰ علیہ السلام پر<br>Nation of Musa علیہ السلام |
| 11 | مدینہ منورہ سے بستی قُبا کا فاصلہ ہے:<br>The distance of Basti Quba from Madina Munawara is: | چار میل<br>Four miles | ایک میل<br>One mile | دو میل<br>Two miles | تین میل<br>Three miles |
| 12 | آخری اینٹ کی مثال سے مراد ہیں:<br>Example of the Last Brick is meant by: | حضرت ابراہیم علیہ السلام<br>Hazrat Ibrahim علیہ السلام | حضرت محمد ﷺ<br>Hazrat Muhammad ﷺ | حضرت نوح علیہ السلام<br>Hazrat Nooh علیہ السلام | حضرت عیسیٰ علیہ السلام<br>Hazrat Esa علیہ السلام |
| 13 | حضرت محمد ﷺ نے قُبا میں ____ دن قیام فرمایا۔<br>Hazrat Muhammad ﷺ stayed at Quba for _____ days. | 16 | 15 | 17 | 14 |
| 14 | وہ اسم جو دو چیزوں کو ظاہر کرے کہلاتا ہے:<br>The noun which represent two things is: | جمع<br>Plural | مفرد<br>Singular | تثنیہ<br>Tisnia | مؤنث لفظی<br>Literal feminine |
| 15 | عَائِشَۃُ گرامر کی رُو سے ہے:<br>عَائِشَۃُ according to the grammar is: | فعل<br>Verb | حرف<br>Letter | اسم نکرہ<br>Common noun | اسم معرفہ<br>Proper noun |

23-IX122-15000

رول نمبر:..................

جماعت نہم

# اسلامیات اختیاری (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

FBD-G1-22

**2- کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔**

10 **Write short answers to any FIVE parts.**

(i) لفظ قرآن کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیے۔ Write literal and terminological meanings of the word Quran.

(ii) تعوذ سے کیا مراد ہے؟ What is meant by تَعَوُّذ ?

(iii) ترجمہ کیجیے: صَلُّوا کَمَا رَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ Translate: صَلُّوا کَمَا رَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ

(iv) حدیث کی اہمیت کے بارے میں کسی ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیے۔ Write translation of a Quranic Verse about the importance of Hadith.

(v) اسوۂ حسنہ سے کیا مراد ہے؟ What is meant by Uswa-e-Hasana?

(vi) مصلح اور نبی میں کیا فرق ہے؟ What is the difference between Reformer and Prophet?

(vii) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم کونسی دو چیزوں کی پوجا کرتی تھی؟ Name the two things worshiped by Nation of Hazrat Ibrahim علیہ السلام.

(viii) مؤنث لفظی کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔ Define literal feminine and give an example.

**3- کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔**

10 **Write short answers to any FIVE parts.**

(i) توحید سے کیا مراد ہے؟ What is meant by Tauheed?

(ii) معانی لکھیے: اَلْقُدُّوْسُ ، یُسَبِّحُ ، تُذِلُّ ، یَتْلُوْا Write the meanings: اَلْقُدُّوْسُ ، یُسَبِّحُ ، تُذِلُّ ، یَتْلُوْا

(iii) ماہر قرآن کون ہیں؟ Who are experts of the Quran?

(iv) ایمان کا تقاضا کیا ہے؟ What is the requirement of belief?

(v) قریش کی چار بری عادات کے نام لکھیے۔ Write the names of four bad habits of Quresh.

(vi) اسلام کے پہلے شہید کون تھے؟ Who was the First Martyred of Islam?

(vii) عتبہ بن ربیعہ نے رسول اللہ ﷺ کو کیا پیشکش کی؟ What offer Otba Bin Rabia gave to the Prophet ﷺ ?

(viii) مؤنث کسے کہتے ہیں؟ عربی میں ایک مثال دیجیے۔ What is feminine? Give an example in Arabic.

**4- کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔**

10 **Write short answers to any FIVE parts.**

(i) حیا سے کیا مراد ہے؟ What is meant by modesty?

(ii) حدیث میں نیک راہ دکھانے والے کا ثواب کتنا بیان کیا گیا ہے؟ How much reward is narrated for guiding to virtue in Hadith?

(iii) ترجمہ کیجیے: بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ Translate: بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ

(iv) معانی لکھیے: عَزِیْزٌ ، تَوَکَّلْتُ ، اِسْتَغْلَظَ ، یُعْجِبُ Write the meanings: عَزِیْزٌ ، تَوَکَّلْتُ ، اِسْتَغْلَظَ ، یُعْجِبُ

(v) اسلامی حکومت کے دو مقاصد لکھیے۔ Write any two objectives of an Islamic State.

(vi) احکام بتدریج نازل ہونے کے بارے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا فرمایا؟ What did Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا say about the gradual revelation of the commandments?

(vii) ترجمہ کیجیے: اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ Translate: اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ

(viii) مِصْبَاحٌ اور صَادِقٌ کی عربی میں جمع لکھیے۔ Write the plural of مِصْبَاحٌ and صَادِقٌ in Arabic.

**5- مندرجہ ذیل میں سے دو قرآنی آیات کا ترجمہ و تشریح کیجیے:**

05,05 Translate and explain any TWO of the following Quranic A'yaat:

(الف) هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ٥

(ب) وَ اَرِنَا مَنَاسِکَنَا وَ تُبْ عَلَیْنَا ۚ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ٥

(ج) هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّهٖ ؕ وَ کَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ٥

**6- کسی ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ اور تشریح کیجیے۔**

05 Translate and explain ONE of the following Ahadith:

(الف) اَوَّلَ مَا یُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ الصَّلٰوةُ (ب) اِنَّ الدَّالَّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِهٖ

**7- مندرجہ ذیل میں سے صرف دو اجزا کے جوابات دیجیے:**

05,05 Write the answers to any TWO parts of the following:

(الف) رسالت کا مفہوم، اس کی ضرورت و اہمیت پر جامع نوٹ لکھیے۔

Write the meaning of Prophethood and write comprehensive note on its necessity and importance.

(ب) مدینہ میں مخالفت یہود

Opposition of Jews in Madina

(ج) حضرت محمد ﷺ ایک صادق اور امین تاجر تھے۔ وضاحت کیجیے۔

Hazrat Muhammad ﷺ was the Truthful and Honest Trader. Explain.

**8- مندرجہ ذیل میں سے صرف ایک جز کا جواب دیجیے:**

05 Write the answer to any ONE part of the following:

(الف) کلمہ کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں دیجیے۔ Define کلمہ and give three examples in Arabic.

(ب) مفرد کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں دیجیے۔ Define singular (مفرد) and give three examples in Arabic.

23-IX122-15000

www.pakcity.org

رول نمبر: ________

F 7 /

جماعت نہم

# اسلامیات اختیاری (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

Objective Paper Code 5204

FBD-G2-22

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | Questions / سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | (ات) علامت ہے:<br>(ات) is sign of: | جمع مذکر سالم<br>Regular masculine plural | جمع مکسر<br>Irregular plural | جمع مؤنث سالم<br>Regular feminine plural | تثنیہ<br>Tasnia |
| 2 | اسم نکرہ ہے:<br>Example of common noun is: | کتاب<br>Kitab | قرآن<br>Quran | البیت<br>Al Bait | ملتان<br>Multan |
| 3 | حضور ﷺ نے قُبا میں ____ دن قیام فرمایا۔<br>The Holy Prophet ﷺ stayed at Quba for ____ days. | 3 | 10 | 14 | 20 |
| 4 | حضرت آدم علیہ السلام کے بعد بزرگ ترین نبی ہیں:<br>The Eldest Prophet after Hazrat Adam علیہ السلام is: | حضرت موسیٰ علیہ السلام<br>Hazrat Musa علیہ السلام | حضرت داؤد علیہ السلام<br>Hazrat Dawood علیہ السلام | حضرت ابراہیم علیہ السلام<br>Hazrat Ibrahim علیہ السلام | حضرت نوح علیہ السلام<br>Hazrat Nooh علیہ السلام |
| 5 | حضور ﷺ نے حجۃ الوداع ادا کیا:<br>The Prophet ﷺ performed Haja-tul-Wida in: | 8 ھ | 9 ھ | 10 ھ | 11 ھ |
| 6 | فرعون کی بیوی کو قرآن مجید میں کہا گیا ہے:<br>Wife of Pharaoh is titled in the Holy Quran as: | مومنہ<br>Momina | مسلمہ<br>Muslima | معصومہ<br>Masooma | منحرفہ<br>Munharifa |
| 7 | ستر مسلمان شہید ہوئے:<br>Seventy Muslims were martyred in: | غزوہ بدر<br>War of Badar | غزوہ احد<br>War of Ohad | غزوہ خندق<br>War of Khandaq | غزوہ تبوک<br>War of Tabuk |
| 8 | انجیل نازل ہوئی:<br>Injeel was revealed on: | حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر<br>Hazrat Esa علیہ السلام | حضرت موسیٰ علیہ السلام پر<br>Hazrat Musa علیہ السلام | حضرت داؤد علیہ السلام پر<br>Hazrat Dawood علیہ السلام | حضرت ابراہیم علیہ السلام پر<br>Hazrat Ibrahim علیہ السلام |
| 9 | کسی نیکی کو نہ سمجھو:<br>Don't consider any virtue as: | اعلیٰ<br>High | بڑی<br>Big | حقیر<br>Low level | حرام<br>Haram |
| 10 | عبادات کا تعلق ہے:<br>Worships are related to: | حقوق العباد<br>Rights of Mankind | حقوق اللہ<br>Rights of Allah | حقوق الحیوانات<br>Rights of animals | حقوق الملائکہ<br>Rights of Angels |
| 11 | اللہ کا پیغام انبیاء کے پاس لاتے تھے:<br>Took the message of Allah to the Prophets: | متقین<br>Pious | مومنین<br>Believers | فرشتے<br>Angels | جن<br>Jins |
| 12 | اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ صفت ہے:<br>اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ is attribute of: | کفار کی<br>Non-believers | انبیاء کی<br>Prophets | منافقوں کی<br>Hypocrites | مومنوں کی<br>Believers |
| 13 | عقیدہ توحید اسلامی تعلیمات کی ہے:<br>Belief in Oneness of Allah in Islamic Teachings is a: | دروازہ<br>Door | چھت<br>Roof | بنیاد<br>Base | دیوار<br>Wall |
| 14 | رَءُوْفٌ کا معنی ہے:<br>Meaning of رَءُوْفٌ is: | بہت مہربان<br>Very kind | بہت سچا<br>Very truthful | بہت متقی<br>Very pious | بہت خیر خواہ<br>Very caring |
| 15 | اجزائے ایمان سے مراد ہے:<br>Parts of belief are meant: | معاملات<br>Dealings | عقائد<br>Believes | عبادات<br>Worships | اخلاقیات<br>Ethics |

www.pakcity.org

رول نمبر:..................

جماعت نہم

FSD

# اسلامیات اختیاری (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:10 گھنٹے  کل نمبر: 60

FBD-G2-22

**2۔ کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔**

10 **Write short answers to any FIVE parts.**

(i) رموز اوقاف سے کیا مراد ہے؟ — What is meant by signs of emphasis?

(ii) چار اخلاقی عادات لکھیے۔ — Write four moral values.

(iii) حقوق کی دو قسمیں لکھیے۔ — Write two kinds of rights.

(iv) ترجمہ کیجیے: مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ — Translate: مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ

(v) انسانیت کی اصلاح کا عملی طریقہ بیان کیجیے۔ — Describe the practical method of reforming humanity.

(vi) انبیاء کرام کو معجزات کیوں دیے جاتے ہیں؟ — Why are miracles given to the Prophets?

(vii) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دو بڑے معجزات لکھیے۔ — Write two major miracles of Hazrat Musa علیہ السلام.

(viii) اسم معرفہ کی تعریف کیجیے۔ — Define proper noun.

**3۔ کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔**

10 **Write short answers to any FIVE parts.**

(i) تزکیہ نفس سے کیا مراد ہے؟ واضح کیجیے۔ — What is meant by self purity? Explain.

(ii) معانی لکھیے: اَلْقَوَاعِدُ ، مُسْلِمَيْنِ ، مَنَاسِکَ ، اَلْحِكْمَةَ — Write the meanings: اَلْقَوَاعِدُ ، مُسْلِمَيْنِ ، مَنَاسِکَ ، اَلْحِكْمَةَ

(iii) حالت روزہ میں کوئی سے چار ممنوعہ امور لکھیے۔ — Write four prohibited things in state of keeping fast.

(iv) اسلام میں دانائی کا تصور کیا ہے؟ — What is the concept of wisdom in Islam?

(v) کفار مکہ کے ساتھ لڑی جانے والی دو جنگوں کے نام لکھیے۔ — Write the names of two battles fought against non-believers of Makkah.

(vi) اسلام کی سب سے پہلی درسگاہ کا نام لکھیے۔ — Write the name of the first Educational Institute of Islam.

(vii) مدینہ منورہ میں ہجرت مدینہ کے وقت آباد دو قبائل کے نام لکھیے۔ — Write the names of two tribes settled in Madina at the time of Migration.

